کرتی ہے۔ ساتویں فصل میں ان فقہا اور محدثین کا موقف بیان کیا گیا ہے۔ جو حد زنا کے عام تصور سے اتفاق نہیں کرتے۔ آٹھویں فصل میں اس غلطی کے اسباب و علل سے بحث کی گئی ہے اور نویں فصل میں اس غلطی کے انجام، خلاصہ بحث اور حرفِ آخر کے علاوہ ان علما کے اسما پر مشتمل ہے جو حد زنا کی اس کتاب میں بیان کردہ تعبیر سے اتفاق کرتے ہیں۔

## تجلیاتِ قرآن

تالیف: شیخ محمد علی الصابونی (اردو ترجمہ: عبد القدوس القاسمی نیر النوی)

ناشر: مرکز المعارف، ہوجائی، آسام

سنِ اشاعت: ۱۹۹۴ء، صفحات: ۵۳۸، قیمت: ۱۰۰ روپے

"تجلیات قرآن"، شیخ محمد علی الصابونی کی عربی تالیف "قبس من نور القرآن الکریم" کا اردو ترجمہ ہے۔ یہ کتاب قرآنِ کریم کے ارشادات و ہدایات اور قرآنی سورتوں کے تحقیقی جائزہ پر مشتمل ہے۔ اس میں سورتوں کے اغراض و مقاصد کی وضاحت کے ساتھ ان میں بیان کئے گئے مسائل و احکام اور آدابِ زندگی کی مفصل انداز میں تشریح پیش کی گئی ہے۔ ترجمہ کی زبان آسان اور اسلوب عام فہم ہے۔ اس کتاب کا ایک نمایاں پہلو یہ ہے کہ اس میں ہر آیت کو ایک عنوان کے تحت ذکر کیا گیا ہے اور عنوان پر نظر پڑتے ہی آیت کی غرض و غایت کی طرف ذہن فوراً منتقل ہو جاتا ہے۔ عبد القدوس القاسمی نیر النوی نے اس کتاب کو اردو قالب میں ڈھال کر ایک مفید خدمت انجام دی ہے۔ اساتذہ، طلبہ و عام لوگ سب کے لئے یہ کتاب یکساں طور پر مفید ہے۔

## قرآنیات پر نئے مضامین

علم تفسیر کی اہمیت اور تفسیر ایجاز البیان کا ایک نادر مخطوطہ، حکیم سید محمد، معارف ۱۵۲/۲، اگست ۹۳ء ص ۱۲۵-۱۳۲

اقبال کے کلام کی قرآنی تلمیحات کے اشارے، محمد بدیع الزماں، معارف ۱۵۳/۱ جنوری ۹۴ء، ص ۲۶-۴۴